پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

جماعت۔ششم	مضمون۔اردو لازمی	کتاب کا نام۔چمپا
سبق کا نام۔بائیسکل کی تعلیم	صفحہ نمبر۔39تا45	پہلی سہ ماہی

سبق "بائیسکل کی تعلیم" شوکت تھانوی کی تحریر ہے جس کو مصنف نے مزاحیہ انداز میں خوبصورتی سے لکھا ہے۔

سبق کی پڑھائی کریں اور اس میں موجود مزاح کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کریں۔دوران پڑھائی مشکل الفاظ خط کشید کریں اور ان کے معانی لغت سے تلاش کریں۔

مشق

1۔دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چھ الفاظ کے معانی لکھیے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
دشواری	مشکل	تمنا	آرزو
مجنونانہ	پاگل پن والی	نصف	آدھا
ساخت	بناوٹ	سانحہ	واقعہ

2۔سوال نمبر 2 سرگرمیوں میں دیکھیے۔

3۔مضمون میں استعمال ہونے والے محاورات کے معانی لکھیے۔

محاورات	معانی
شوق گدگدانا	خواہش پیدا ہونا/شوق پیدا ہونا
فراٹے بھرنا	بہت تیز دوڑنا
کلیجہ تھام کر رہ جانا	تڑپ کر رہ جانا
بسم اللہ کرنا	آغاز کرنا

5۔سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

1۔مصنف کے بزرگوں کو ان کی دلی کیفیت کا علم کس طرح ہوا ہوگا؟ کم از کم دو وجوہات لکھیے۔

جواب: مصنف کے بزرگوں کو ان کی دلی کیفیت کا علم جس طرح ہوا ہو گا اس کی دو وجوہات یہ ہیں:

1۔مصنف ہر وقت بائیسکل کا تذکرہ کرتا تھا۔

2۔وہ جب اپنے ہم عمروں کو بائیسکل چلاتے دیکھتا تو تڑپ کر رہ جاتا۔

2۔مصنف کو پہلی بار سائیکل چلانے کا موقع کیسے ملا؟

جواب: ایک دن کوئی صاحب بائیسکل پر سوار ہو کر ہمارے کسی بزرگ سے ملنے آئے اور ہم چپکے سے ان کی بائیسکل لے کر سڑک پر پہنچے۔

3۔بزرگوں نے کیا طے کیا تھا؟

جواب: بزرگوں نے طے کیا کہ ہم کسی پرانی سائیکل پر سوار ہو کر بائیسکل چلانا سیکھیں تو نئی خرید لی جائے گی۔

4۔مضمون کے اختتام میں ایسا کیا ہوا ہو گا جو ناقابل تحریر تھا؟

جواب: گھر والوں سے خوب ڈانٹ پڑی ہو گی اور شاید مار بھی پڑی ہو۔اسی لیے یہ بات ناقابل تحریر تھی۔

گھر کا کام

سوال نمبر 4 سبق کی پڑھائی کرنے کے بعد کتاب پر حل کریں۔

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

جماعت۔ ششم	مضمون۔ اردو لازمی	کتاب کا نام۔ چمپا
سبق کا نام۔ بائیسکل کی تعلیم	صفحہ نمبر۔ 39 تا 45	پہلی سہ ماہی

متفرق سرگرمیاں

سرگرمی نمبر 1

درج ذیل الفاظ و تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ و تراکیب	جملے
دشوار	
عزم	
رفتہ رفتہ	
مردانہ وار	

سرگرمی نمبر 2

کالم الف	کالم ب
شوکت تھانوی	بات چیت
دلی کیفیت	مصنف کا نام
فراٹے بھرنا	دل کی حالت
گفت و شنید	بہت تیز دوڑنا

سرگرمی نمبر3

سوچیے اور لکھیے۔

کسی کام کرنے کی کوشش یا کوئی واقعہ سوچیے جسے کرتے وقت آپ کامیاب یا ناکام ہوئے تھے۔

یاد رہے آپ کا انداز مزاحیہ ہونا چاہیے